© rasailojaraid.com



یہ مکاتیب مختلف علوم وفنون کے بیش بہا علمی ذخیرے ہیں۔مکتوبات مجدد الف ثانیؒ ،مکتوبات شیخ الاسلام مولانا حسین احمد مدنی ،مکتوبات حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانوی اور مکاتیب امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاریؒ کی متداول مثالیں ہیں۔زیر نظر کتاب میں مرتب نے‘مولانا شمس الحق افغانی کے وہ خطوط یکجا کئے ہیں جو انہوں نے قاضی عبدالکریم صاحب کے نام تحریر کئے۔جن میں اہتمام سنت واطاعت،اصلاح ظاہر و باطن،عشق رسول رحمت ﷺ اور اکابر علماء دیو بند کے مسلکِ اعتدال کی تشریح وتوضیح کی گئی ہے۔خوبصورت ٹائٹل کے ساتھ کتاب جاذبِ نظر ہے۔(تبصرہ:ابوالادیب)

● کتاب:علامات ترقیم اور ہمزہ لکھنے کے قواعد مصنف:مولانا محمد الیاس

ضخامت:صفحات:۴۸ قیمت:درج نہیں ملنے کا پتا:مکتبہ فاروقیہ،مقابل جامعہ فاروقیہ۔شاہ فیصل کالونی نمبر۴ کراچی

جیسے بولنے کی ادا سے ہی محسوس ہوتا ہے کہ یہ کلام سوالیہ ہے‘بات ختم ہو رہی ہے یا ابتدائی کلام ہے۔ایسے ہی تحریری طور پر بھی بعض علامات ہیں جس سے عبارت پڑھنے والا آدمی علامات کو دیکھ کر ہی محسوس کرتا ہے کہ یہ کلام کی ابتداء ہے یا انتہا ہے۔کلام تعجب ہے یا کلام استفہام‘ خصوصاً عربی عبارت میں اس کا جاننا لازمی امر ہے ان علامات کو علاماتِ ترقیم کہتے ہیں جن کی تبدیلی معنیٰ میں تبدیلی کا سبب بنتی ہے۔نیز ایسے ہی عربی میں ہمزہ لکھنے کی کئی حالتیں ہیں،کبھی کلمہ کے شروع میں آتا ہے کبھی درمیان کلمہ تو کبھی آخر کلمہ میں،ہر حالت میں مختلف صورت میں لکھا جاتا ہے۔علامات ترقیم اور ہمزہ لکھنے کے قواعد پر مبنی ایک چھوٹا سا کتابچہ ۴۸ صفحات پر مشتمل محترم مولانا محمد الیاس مدظلہ جو جامعہ فاروقیہ کراچی کے سابق استاذ اور اب مدرسۃ العلوم فاروقیہ ساکنہ‘تحصیل کھاریاں ضلع گجرات کے مہتمم ہیں نے بڑی محنت وکاوش سے مرتب فرمایا ہے۔علمی ذوق رکھنے والے علما وطلباء کے لیے یکساں مفید ہے۔(تبصرہ:مولانا محمد مغیرہ)

● کتاب:ہدیۃ العروس تالیف:حافظ مبشر حسین

ضخامت:۶۰۰ صفحات قیمت درج نہیں ملنے کا پتا:نعمانی کتب خانہ،حق سٹریٹ۔اردو بازار لاہور

دین اسلام صرف عقائد اور چند عبادات پر مشتمل دین نہیں بلکہ انسان کی زندگی سے متعلق ہمہ قسم و ہمہ جہت راہنمائی فرماتا ہے۔ہر انسان مرد ہو یا عورت تقریباً ہر ایک رشتہ ازدواج سے منسلک ہوتا ہے کہ سنت نبوی ﷺ ہے۔جس کے لیے ہر موقع پر راہنمائی دین اسلام نے مسلمان کو دی ہے۔مثلاً منگنی اور اس کے احکامات‘ منگنی توڑنے کی شرعی حیثیت‘ مسائل نکاح‘عورت کے نکاح میں ولی کی شرط کیوں‘دعوتِ ولیمہ اور اس کے متعلقہ مسائل،شادی بیاہ کی جاہلانہ رسومات کا رد ،جہیز کی شرعی حیثیت،خاوند بیوی کے باہمی حقوق،طلاق وعدت کے دینی مسائل کے علاوہ بیسیوں ازدواجی وخانگی احکام و مسائل کا حل قرآن وحدیث کی روشنی میں کتاب ھدیۃ العروس،ہر پڑھے لکھے مرد وعورت کی راہنمائی کے لیے یکساں مفید۔

(تبصرہ:مولانا محمد مغیرہ)

© rasailojaraid.com